Australian Government
Australian Centre for International Agricultural Research
Australian Aid

Aik Saath ایک ساتھ 'Together'

# مُنہ کھر بیماری

## FOOT AND MOUTH DISEASE (FMD)

### تعارف:

منہ کھر کی بیماری، کھر والے جانوروں جیسا کہ بھیڑ، بکریوں کی وبائی بیماری ہے۔ یہ دودھ اور گوشت کی بہترین پیداوار حاصل کرنے میں بڑی رکاوٹ ہے۔

### مُنہ کھر سے متاثرہ جانوروں میں علامات

منہ کھر بیماری سے متاثرہ جانوروں میں مندرجہ ذیل علامات ظاہر ہوتی ہیں، بھیڑ بکری میں اکثر ہلکی علامات ظاہر ہوتی ہیں بانسبت گائے بھینس کے۔



- بخار
- سستی
- بھوک کا کم لگنا/ کھانے کی چاہت نہ ہونا
- لنگرا کر چلنا/ لنگڑا پن
- کھروں کے درمیان اور ارد گرد کی جلد پر چھالے، زخم یا ان سے پانی بہنا (تصویر دیکھیں)
- منہ اور زبان پر چھالے
- نوزائیدہ بچے اچانک بنا کسی علامت کے مر سکتے ہیں

### مُنہ کھر کیسے پھلتی ہے؟

متاثرہ جانور اپنی سانس، تھوک / رال، دودھ، پیشاب، فضلے اور مٹی کے ذریعے انفیکشن پھیلاتا ہے۔

#### دوسرے جانور مندرجہ ذیل ذرائع سے متاثر ہوسکتے ہیں

- متاثرہ جانور سے براہ راست رابطے سے
- آلودہ پانی چارے اور فرش سے
- آلودہ کپڑوں، جوتوں، آلودہ عمارت اور گاڑیوں سے
- جانور خود علامات ظاہر کرنے سے پہلے کئی دن سے انفیکشن سے متاثر ہوتا ہے۔
- جانور جب علامات ظاہر کرنا چھوڑ دیتا ہے اس کے بعد ہفتوں سے مہینوں تک اس بیماری کا انفیکشن جانور میں رہتا ہے۔

### مُنہ کھر کی تشخیص



- منہ کھر کا اندیشہ تب ہوتا ہے جب بہت سارے جانور بشمول بھیڑ، بکری، گائے، بھینس اس بیماری کی علامات ظاہر کرتے ہیں
- اس بیماری کی تصدیق خون کے نمونے اور متاثرہ جانور کے زخموں سے لیے گئے نمونوں کے ٹیسٹ سے کی جاتی ہے۔

## جانوروں میں منہ کھر ہونے کی صورت میں کیا کرنا چاہیے؟

- اگر آپکے جانور میں منہ کھر کا شبہ ہے تو پھر اپنے گاؤں یا یونین کونسل میں قریبی گورنمنٹ لائواسٹاک ڈسپینسری کے وٹرنری ڈاکٹر یا اسسٹنٹ کو فون کریں

## علاج




- پاؤں اور منہ پر ہونے والے زخموں پر نرمی سے اینٹی سیپٹک جیسے آئیوڈین(*iodine*)پوٹاشیم پرمیگنیٹ (*Potassium Permagnet*)سوڈیم کاربونیٹ(*Sodium Carbonate*)اور گلیسرین کا استعمال کریں
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ جانوروں کو پانی اور نرم کھانے تک آسانی سے رسائی حاصل ہو اور انہیں چارہ کھانے کے لیے بڑھاوا دیں
- لیبل ہدایت کے مطابق اینٹی بائیو ٹکس جیسا کہ پینیسلیں(*Penicillin*)یا آکسیٹیٹرا سائیکلین (*Oxytetracycline*)کے ساتھ دن میں ایک بار روزنہ پانچ دن تک علاج کریں

## روک تھام

- منہ کھر ایک وبائی بیماری ہے۔ متاثرہ جانوروں کو صحت مند جانوروں سے رابطے میں نہ آنے دیں۔
- دن کے آخر میں متاثرہ جانوروں کو کھانا کھلائیں اور ان کا علاج کریں
- انفیکشن کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے تندرست جانوروں کو سنبھالنے سے پہلے ہاتھوں لباس اور جوتوں کو گرم صابن والے پانی یا جراثیم کشوں جیسا کہ سٹرک ایسڈ کے استعمال سے جراثیم سے پاک کریں۔
- متاثرہ جانوروں کو ایک سے دوسری جگہ منتقل نہ کریں اور نا بیچیں




## بچاؤ

- جانوروں کو انفیکشن ہونے سے قبل ان کو حفاظتی ٹیکے / ویکسین لگا کر منہ کھر سے بچایا جا سکتا ہے۔
- جانوروں کو کم از کم ایک ماہ کے وقفے سے دو دفعہ ویکسین کرنی چاہیے۔
- ویکسین کا ایک ڈوض جانوروں کو لگ بھگ چھ ماہ تک بچاتا ہے۔
- منہ کھر کے علاج کے لیے استعمال ہونے والے اینٹی سیپٹک اور گلیسرین کی مثال۔